07/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عابدہ اختر**

آپریشن سندور

آپریشن سندور کا آج ایک سال مکمل ہو گیا ۔ گزشتہ برس آج ہی کے روز بھارت نے آپریشن سندور کے تحت پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں نو دہشت گرد ٹھکانوں پر حملے کر کے، قریب ایک سو دہشت پسندوں کو ہلاک کیا تھا ۔

یہ ہوائی حملے 22 اپریل کے پہلگام حملے کے جواب میں ایک موثر ردِ عمل کے طور پر کئے گئے تھے ۔ دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی کا عکاس آپریشن سندور بھارت کی فوجی اور تزویراتی قوت کا مظہر ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں تعمیر و ترقی کا ایک نیا دور جاری ہے اور پچھلے کئی برسوں سے شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں پر بھی ترقیاتی لحاظ سے پوری توجہ دی جا رہی ہے ۔

سانبہ ضلع کے وائبر نٹ سرحد ی
گاو

میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیا در کھنے کے بعد منوج سنہا نے کہا کہ سرحدی دیہات ہمارے آخری نہیں بلکہ پہلی Regal / ں نے
صف کے
گاو

وں ہیں اور ہم ان کی دیر پا ترقی کیلئے پر عزم ہیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سیاحوں کے بڑھتے رش کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کیبل کار پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے اور جدید ٹیکنالوجی کو اختیار کرنے پر زور دیا ہے ۔ گلمرگ میں جے اینڈ کے کیبل کار کارپوریشن کی بورڈ آف ڈائرکٹرس میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے مقامی معیشت کو مزید مضبوط کرنے کے لئے سیاحت کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانے پر زور دیا ۔

اس سے پہلے وزیر اعلیٰ نے گورنمنٹ ڈگری کالج ٹنگمرگ میں 2 کروڑ 75 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ایک کثیر المقاصد سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر ایک جلسے سے خطاب کر تے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بے روزگاری پر قابو پانے کے لئے صرف سرکار ی نوکریاں ہی ایک واحد وسیلہ نہیں ہے بلکہ سرکار مختلف سکیموں کے ذریعے نوجوانوں کو خود روزگاری کی طرف بھی راغب کر رہی ہے ۔

--

SIA

سٹٹ انوسٹگیشن ایجنسی کشمیر نے پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں سرگرم لشکر طیبہ کے ایک دہشت گرد کی غیر منقولہ جائیداد کو قرق کیاہے SIA کی ایک پریس ریلیز کے مطابق ضمیر احمد لون ساکن کیرن کپواڑہ نام کا یہ دہشت پسند جموں کشمیر میں خرمنِ امن میں رخنہ ڈالنے کے لئے نارکو ٹیرر سرگرمیوں میں ملوث ہے ۔ قرق کی گئی جائیداد ایک کنال 14 مرلہ سے کچھ زائد زمین کے رقبے پر مشتمل ہے ۔

چیف جسٹس

چیف جسٹس ، جسٹس ارون پلی نے ایک اطفال دوست اور متاثرین کے اعتبار سے حساس انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کی سمت میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر ضلع کورٹ کمپلیکس جموں میں Vulnerable Witness Deposition Centre - کا افتتاح کیا

اس موقعہ پر عدلیہ سے جڑے کئی سینئر عہدیدار بھی موجود تھے ۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ VWDC کا قیام خطرے کے اعتماد والے گواہوں کے حقوق اور ان کا وقار بر قرار رکھنے کے لئے عدلیہ کے عزم کا اظہار کرتا ہے ۔

طبی کیمپ

انڈین انسٹیچوٹ آف کارپیٹ ٹیکنالوجی کی طرف سے وادی کے دستکاروں ، بنکروں اور متعلقہ افراد کے لئے 16 مئی کو آنکھوں کے معائینے کے ایک خصوصی مفت طبی کیمپ کا اہتمام کیا گیا ہے ۔

انسٹیچوٹ کے ڈائریکٹر زبیر احمد کے مطابق سرینگر کے باغ علی مردان خان علاقے میں قائم کئے جانے والے اس کیمپ میں معروف ماہرِ امراض چشم ڈاکٹر جے پی سنگھ اور ان کی ٹیم موجود رہے گی ۔

امریکہ ایران

امریکہ اور ایران مغربی ایشیا میں جاری تنازعے میں کمی لانے کے لئے ایک فوجی مفاہمت کے قریب پہنچ رہے ہیں اور اس سلسلے میں مفاہمتی مسودے پر سرگرمی سے بات چیت ہو رہی ہے ۔

ایک صفحے اور 14 نکات پر مشتمل فریم ورک ایک وسیع مفاہمت کی سمت میں تیس روز کی بات چیت کا دروازہ کھولے گا ۔

تہران کا کہنا ہے کہ وہ فی الحال اس منصوبے کا جائزہ لے رہا ہے جبکہ امریکی صدر نے کہا ہے کہ ابھی حالات قابو میں ہیں اور اگر مذاکرات ناکام رہے تو فوجی کاروائی ہو سکتی ہے ۔

اس دوران اسرائیل کے وزیر اعظم بھی ان مذاکرات کو لے کر امریکی حکام کے رابطے میں ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ21ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ